واضح نشاندہی کرتا ہے۔

ترجمان نے مسلم امہ پر زور دیا کہ وہ باہمی اختلافات کو ختم کرکے اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں۔ مسلمان کو چاہیئے کہ وہ سائنس اور تعلیم کو پھیلانے کے لیے کوششیں تیز کردیں، تعلیمی اور تکنیکی معیار کو بلند کریں۔ اس میدان میں مسلم امہ کی خود انحصاری کے سلسلے میں یونیورسٹیوں، اعلیٰ تعلیم کے اداروں اور تحقیقی مراکز پر خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے تاکہ اسرائیل جو اپنی خوفناک عسکری قوت پر اعتراضات پہلے ہی مسترد کرچکا ہے، کے مقابل عرب اسلامی قوت لائی جاسکے جو علاقے میں امت کو درپیش تمام خطرات کا مقابلہ کرنے کی اہلیت رکھتی ہو۔

(مولانا عبدالحق ٹانک)

امریکی ظلم کی انتہاء | امریکہ جو دنیا بھر میں انسانی حقوق کا ٹھیکیدار اور چھوٹے خصوصاً اسلامی ممالک کو پُرامن ایٹمی صلاحیت سے محروم کردینے کی کوشش کررہا ہے وہ ایک ایسا خطرناک لیزر ہتھیار بنارہا ہے جو دشمن کے فوجیوں کو اندھا کردے گا یہ لیزر ہتھیار ایم۔۱۶ رائفل میں نصب کیا جاسکتا ہے اور تین ہزار فٹ دور سے فائر کرکے انسانی بینائی کو ناکارہ بنایا جاسکتا ہے۔ (نغمہ حیات لکھنو ۲۵ جون ۹۵ء)

تصحیح نسبت ولقب | جون ۹۵ء کے الحق میں "وہ یقیناً جنتی ہے" کے عنوان سے شاہ بلیغ الدین کا ایک مضمون چھپا ہے اس کے بارے میں چند گزارشات پیش خدمت ہیں۔ ۱۔ حضرت عمروؓ بن ثابت انصاری عام طور پر اپنے والد ثابت ہی کی نسبت سے مشہور تھے دادا وقش کے نام کی نسبت سے نہیں۔ ۲۔ ان کا تعلق "بنو عبدالاشہل" سے تھا۔ اشہل یا بنو اشہل سے نہیں۔ مطلب یہ کہ اس خاندان کا صحیح نام "بنو عبدالاشہل" ہے اس سے تعلق رکھنے والوں کو البتہ اشہلی کہا جاسکتا ہے۔ ۳۔ حضرت عمروؓ بن ثابت کا لقب "احرم" (سطر۹) نہیں تھا بلکہ "اَلْاُصَیْرِم" تھا (احرم کی تصغیر) مولوی سعید انصاری مرحوم نے بھی "سیر انصار" جلد اوّل میں اسی قسم کی غلطی کی ہے، انہوں نے الاصیرم یا اصیرم کی بجائے احیرم لکھ دیا۔ ترجمہ کا عنوان ہی حضرت احیرمؓ ہے۔ تعجب ہے کہ دارالمصنفین اعظم گڑھ کی اسی کتاب پر یہ غلطی گزشتہ ۶۰۔۷۰ سال سے چلی آرہی ہے۔ بہرصورت یہ فاش غلطی ہے۔

(مولانا محمد اشرف مہتمم جامعہ مدنیہ ٹانک)

قابلِ رشک مضامین | "الحق" میں بعض مضامین دیکھ کر آپ کے علم وفضل پر رشک آتا ہے "اختلاط مرد وزن" "مذاہب اربعہ اور شاہ ولی اللہ کی تحقیق"، "توہین رسالت"، "امریکہ میں انسانی اعضاء کی پیوندکاری"، "نعش کی چیر پھاڑ"..... جیسے علمی ٹھوس اور متین مضامین دیکھ کر دل سے بے اختیار دعا نکل جاتی ہے اللّٰھم زدفزد رب العزت سے دست بدعا ہوں، کہ "زور قلم اور کرے زیادہ"۔ یہ مفید اور اچھوتا سلسلہ مضامین جاری رکھیں۔ بالخصوص جدید پیش آمدہ مسائل پر شریعت حقہ کے حوالے سے مقالات لکھا کریں۔ جزاکم اللہ عن الجزاء

(سید محمد اجمل شاہ)